ONE NATION ONE PASSION

PAKISTAN CRICKET BOARD

MEDIA RELEASE

سات اضافی کھلاڑیوں کو قومی کرکٹ ٹیم کے تربیتی کیمپ میں طلب کرلیا گیا

لاہور،18مارچ 2021ء:

دورہ جنوبی افریقہ کے لیے قومی کرکٹ ٹیم کے تربیتی کیمپ میں سات اضافی کھلاڑیوں کو طلب کرلیا گیا ہے۔

ان کھلاڑیوں میں عماد بٹ، خوشدل شاہ، محمد عمران، فیصل اکرم، نسیم شاہ، شاہنواز دھانی اور زاہد محمود شامل ہیں۔

یہ کرکٹرز انیس مارچ سے شروع ہونے والے کیمپ میں قومی کرکٹ ٹیم کے کوچنگ اسٹاف کی زیر نگرانی تربیت حاصل کریں گے۔

ان سات کھلاڑیوں میں شامل دو کرکٹرز شاہنواز دھانی اور زاہد محمود دورہ زمبابوے کے لیے اعلان کردہ قومی ٹیسٹ اسکواڈ کا حصہ بھی ہیں۔

دوسری جانب، قومی کرکٹ ٹیم کی سلیکشن کمیٹی نے اعظم خان اور صہیب مقصود کو بھی نیشنل ہائی پرفارمنس سنٹر لاہور طلب کرلیا ہے، جہاں یہ دونوں کرکٹرز این ایچ پی سی کے کوچز کی زیر نگرانی فزیکل ٹریننگ کریں گے۔

علاوہ ازیں، این ایچ پی سی کے کوچز کی زیر نگرانی ایک کیمپ چھبیس مارچ کو قومی اسکواڈ کی جنوبی افریقہ روانگی کے بعد بھی لگایا جائے گا. اس کیمپ میں ان کھلاڑیوں کو مدعو کیا جائے گا جو حال ہی میں قومی اسکواڈ سے ڈراپ ہوئے یا وہ جو پاکستان کرکٹ ٹیم کے پول کا حصہ ہیں۔

محمد وسیم، چیف سلیکٹر قومی کرکٹ ٹیم:

قومی کرکٹ ٹیم کے چیف سلیکٹر محمد وسیم کا کہنا ہے کہ قومی کرکٹ ٹیم کے تربیتی کیمپ میں طلب کردہ 7 کھلاڑیوں کے علاوہ مزید 2 کھلاڑیوں کو لاہور طلب کرنا ہماری اس پالیسی کا حصہ ہے کہ جس کے تحت ہم اپنے مایہ ناز کرکٹرز کو صلاحیتیں نکھارنے کے مواقع فراہم کرنا چاہتے ہیں۔

انہوں نے کہا کہ اس سے قبل وہ پچیس ایسے کھلاڑیوں کو بھی این ایچ پی سی طلب کرچکے ہیں کہ جو ایچ بی ایل پی ایس 6 کا حصہ نہیں تھے تاکہ وہ اعلیٰ پایہ کے کوچز کی این ایچ پی سی میں موجودگی کا بھرپور فائدہ اٹھاسکیں۔

– ENDS –

Media contact:

Ibrahim Badees Muhammad
Editor – Urdu Content
Media and Communications
E: ibrahim.badees@pcb.com.pk
M: +92 (0) 345 474 3486
W: www.pcb.com.pk

ABOUT THE PCB

The Pakistan Cricket Board (PCB) is the sole governing body for the game of cricket in Pakistan, which was established under the Sports (Development and Control) Ordinance 1962 as a body corporate having perpetual succession with exclusive authority for the regulation, administration, management and promotion of the game of cricket in Pakistan.

The PCB operates through its own Constitution, generates its revenues, which are reinvested in the development of cricket. It receives no grants, funds or monies from either the Federal or Provincial Governments, the Consolidated Funds or the Public Exchequer.

The PCB's mission is to inspire and unify the nation by channelising the passion of the youth, through its winning teams and by providing equal playing opportunities to all.

Over the next five years, the PCB will be focusing on six key priority areas that include establishing sustainable corporate governance, delivering world-class international teams, developing a grassroots and pathways framework, inspiring generations through our women's game, growing and diversifying commercial revenue streams, and enhancing the global image of Pakistan.

The PCB also remains committed to developing ground and facility cricket infrastructure, monitoring the implementation of playing codes and regulations, and supporting the game at every level through its high quality training provision for officials and coaches.

HELP PREVENT CORONAVIRUS

National Team Partners

Domestic Partners

- www.pcb.com.pk
- @therealpcb
- @PakistanCricketBoard
- @PakistanCricketOfficial
- @therealPCB

PCB Headquarters
Gaddafi Stadium,
Ferozepur Road, Lahore
Pakistan, PO Box 54000
T: +92 42 3571 7231-4